حیسکو پریس رلیز مورخہ :22.12.2021

# حیسکو چیف ایگزیکٹوآفیسر نوراحمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف بڑے پیمانی پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ہیرآباد، صدر، نوابشاہ، میرپورخاص، ٹنڈوجام، ٹنڈوآدم کے علاقوں وگردونواح میں بجلی چوروں کے 661 کنکشن منقطع کردیئے، نادہندگان سے 2 کروڑ 13 لاکھ 75 ہزار سے زائد ریکوری کی گئی، نادہندگان کے 495 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹوآفیسر نوراحمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، حیسکو چیف کی واضح ہدایات ہیں کہ سب سے پہلے صارف، ہمیں صارفین کی کیئر کرنی ہے، جس کیلئے بجلی چوری کا خاتمہ ضروری ہے۔ اس سلسلے میں سب ڈویژنوں ہیرآباد اور صدر کے علاقوں ٹنڈو ولی محمد ،ایوان قریش، چاندنی شاپنگ مال ودیگر علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے بجلی چوروں کے 213 کنڈہ کنکشن کاٹے گئے ، نادہندگان کے واجبات کی عدم ادائیگی پر 93 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں ، مجموعی طور پر نادہندگان سے 95 لاکھ 10 ہزار 7 روپے کی وصولی کی گئی۔ میرپورخاص کارروائی کرتے ہوئے میرپورخاص سٹی ،سٹیلائیٹ ٹاؤن اور ہیرآباد میرپورخاص کے علاقوں سے 136 غیرقانونی کنڈہ کنکشن ہٹائے گئے ہیں اور نادہندگان کے 132 کنکشن بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی پر کاٹے گئے ہیں اور نادہندگان سے 70 لاکھ 20 ہزار 405 روپے کی ریکوری کی گئی ہے۔ نوابشاہ میں نوابشاہ-I اور سوسائٹی سب ڈویژن کے علاقے میں چیکنگ کے دوران 130 کنڈہ کنکشن کاٹے گئے اور نادہندگان کے 110 کنکشن بھی منقطع کیئے گئے۔ واجبات کی رقم میں سے 81 لاکھ روپے کی وصولی کی گئی ہیں. ٹنڈوجام اور ٹنڈوآدم سب ڈویژنوں کے علاقوں وگردونواح میں کارروائیاں کرتے ہوئے چیکنگ کے دوران بجلی کنکشن میں چوری پکڑے جانے پر فوری طور پر کنکشن منقطع کرکے 182 غیرقانونی کنکشن منقطع کیئے گئے اور نادہندگان کے 160 کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، اور نادہندگان سے 89 لاکھ 30 ہزار روپے کی ریکوری بھی کی گئی ہے۔ حیسکو چیف کی ہدایات پر بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کرتے ہوئے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کرائیں، نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بناکے دی جائیں. واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔ آپ کے تعاون کا متمنی۔ حیسکو




حیدرآباد: حیسکو چیف نور احمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں